کی خصوصیات و ممیزات قاری کے سامنے ہوں تا کہ وہ عصر حاضر میں خواتین کے مسائل کے حل جاننے کے لئے اس تفسیر سے بھرپور استفادہ کرسکیں۔اسی ضرورت واہمیت کے پیش نظر اس مقالے کا عنوان:

''آیات احکام کی تفسیر میں علامہ سعیدی کا منہج واسلوب (فقہ النساء کے تناظر میں)'' رکھا گیا ہے۔

موضوع تحقیق کے بنیادی سوالات

مقالہ ہذا میں موضوع تحقیق کے بنیادی سوالات یہ ہیں:

۱۔ مولانا غلام رسول سعیدی کی تفسیری خدمات کیا ہیں؟

۲۔ آیات احکام کی تفسیر میں غلام رسول سعیدی کا عمومی منہج کیا ہے؟

۳۔ خواتین سے متعلق قرآنی احکامات کی تفسیر میں سعیدی صاحب کا منہج واسلوب کیا ہے؟

۴۔ فقہ النساء کے بیان میں علامہ سعیدی کا روایات وآثار سے استدلال کا منہج کیا ہے؟

اہداف ومقاصد تحقیق

مقالہ ہذا میں تفسیر تبیان القرآن کے ذریعے درج ذیل اہداف کو حاصل کیا گیا ہے:

۱۔ خواتین سے متعلق آیات احکام کی تفسیر میں علامہ سعیدی کے منہج واسلوب کو جانا گیا ہے۔

۲۔ مسائل فقہ النساء میں مولانا سعیدی کے استدلالی منہج کو بیان کیا گیا ہے۔

اسلوب تحقیق

۱۔ مقالہ ہذا، انتساب، اظہار تشکر اور چار ابواب پر مشتمل ہے۔نیز مقالہ کے آخر میں مصادر ومراجع دیئے گئے ہیں۔

۲۔ قرآن کا حوالہ پیش کرنے کی صورت میں سب سے پہلے سورۃ کا نام سورۃ کا نمبر اور پھر آیت کا نمبر درج کیا گیا ہے۔

۳۔ احادیث وآثار کا حوالہ دیتے وقت مصنف کا نام، کتاب کا نام پھر باب کا نام درج کیا گیا ہے۔

۴۔ مقالہ میں پہلی دفعہ حوالہ دینے کی صورت میں کتاب اور مصنف کا نام درج کیا گیا دوبارہ حوالہ کی صورت میں کتاب کا نام اور صفحہ نمبر دیا گیا ہے۔

۵۔ مواد کے حصول کے لئے علمی رسائل وجرائد اور پبلک لائبریریوں سے بھرپور استفادہ کیا گیا ہے۔

۶۔ مقالہ کے آخر میں خلاصہ بحث، نتائج اور سفارشات پیش کی گئی ہیں۔

مقالہ ہذا میں ۱۲ جلدوں پر مشتمل کتاب تبیان القرآن کی روشنی میں خواتین کے مسائل سے متعلق آیات احکام میں علامہ سعیدی کے منہج واسلوب کو بیان کیا گیا ہے جس کی تفصیلات درج ذیل ہیں:

مقالہ ہذا چار ابواب اور ذیلی فصلوں پر مشتمل ہے:

باب اول علامہ غلام رسول سعیدی کے احوال اور تفسیر تبیان القرآن کے تعارف سے متعلق ہے جس میں علامہ سعیدی کی شخصیت وسوانح، ان کی علمی خدمات (تصانیف اور تالیفات) اور تفسیر تبیان کا اجمالی تعارف اور خصوصیات شامل ہیں۔

باب دوم میں تبیان القرآن کی روشنی میں عائلی مسائل کا بیان ہے جن میں نکاح، طلاق، عدت، ظہار، لعان اور دیگر مسائل ازواجی زندگی کے بارے میں علامہ سعیدی کے تحقیقی منہج کو بیان کیا گیا ہے۔

باب سوم میں حدود وتعزیرات کے سلسلے میں تفسیر تبیان القرآن کا منہج بتایا گیا ہے جس میں عورت کی گواہی، عورت کی دیت اور پردہ سے متعلق احکامات پر اعتراضات کے مدلل جوابات بیان کئے گئے ہیں۔

باب چہارم میں جس میں عورت کے معاشی حقوق کے مسائل کر تفسیر تبیان قرآن کی روشنی میں واضح کیا گیا ہے ... میں عورت کے حقوق مالیہ اور مسائل وراثت کو تفصیلاً بیان کیا گیا ہے۔

یہ کام مجھ ادنیٰ سی علوم القرآن کی طالبہ کے لئے انتہائی مشکل تھا لیکن اللہ پر بھروسہ کرتے ہوئے استاد محترم کے ... مل کر منتخب کیے ہوئے موضوع پر دن رات ایک کر کے اسے پایۂ تکمیل تک پہنچایا۔ اور اس میں میرے استاد محترم ... بھرپور معاونت کی۔

الحمدللہ یہ کام جو ابتدا میں مجھے دشوار معلوم ہوتا تھا اللہ تعالیٰ کی مبارک ذات نے اسے میرے لیے سہل بنایا۔ بلا ... اللہ تعالیٰ کی ذات نقائص وعیوب سے پاک ہے۔ مقالہ ہذا میں اگر کوئی خوبی ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کی وجہ سے ہے اور ... کوئی نقص یا عیب ہے تو وہ مجھ جیسی ناچیز کی کوتاہی ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ میری اس ادنیٰ سی کوشش کو اپنی بارگاہ میں ... قبولیت سے نوازے۔ (آمین)

ربنا تقبل منا انك آنت السميع العليم۔ وصلى الله تعالىٰ خير الخلقه محمد وعلى آله ... صحابه اجمعين۔ (آمين)

عائشہ نذیر

۲۵ ستمبر ۲۰۱۶ء